www.saharaexpressdaily.com saharaexpressdelhi123@gmail.com • saharaexpress123@gmail.com • saharaexpressnews@gmail.com



# روزنامہ سہارا ایکسپریس دہلی

# SAHARA EXPRESS,DELHI

Urdu Daily Published From Delhi,Patna&Ranchi

TITLE APPLY Vol:01 Issue:117 01.05.2024 WEDNESDAY Re.02 Page:08

جلد نمبر:01 شمارہ:۱۱۷/ بدھ/یکم/مئی ۲۰۲۴/مطابق/۲۱/شوال المکرم/ ۱۴۴۴ھ/ صفحات:08

Urdu Daily Published From Delhi,Patna & Ranchi


सहारा एक्सप्रेस

को

दिल्ली में ज़रुरत है

**Reporter**

**&**

**Bureau Chief**

saharaexpressdelhi123@gmail.com

**Contact No 9334346898**

www.saharaexpressdaily.com

www.saharaexpressdaily.com saharaexpressdelhi123@gmail.com ● saharaexpress123@gmail.com ● saharaexpressnews@gmail.com



روزنامہ دہلی
# سہارا ایکسپریس
SAHARA EXPRESS,DELHI

Urdu Daily Published From
Delhi,Patna&Ranchi

No-1 SE

TITLE APPLY Vol:01 Issue:117 01.05.2024 WEDNESDAY Re.02 Page:08

جلد نمبر:01 شمارہ:۱۱۷/بدھ/یکم/مئی ۲۰۲۴/مطابق/۲۱/شوال المکرم/۱۴۴۴ھ/ صفحات:08

# کیجریوال کی گرفتاری کے وقت پر سوال، سپریم کورٹ نے ای ڈی سے کی وضاحت طلب



نئی دہلی، 30 اپریل (یو این آئی) سپریم کورٹ نے منگل کو انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) کو ہدایت دی کہ وہ لوک سبھا انتخابات سے قبل دہلی کے وزیر اعلی اروند کیجریوال کی گرفتاری کے وقت پر اٹھائے گئے سوال پر 3 مئی تک اپنی وضاحت پیش کرے جسٹس سنجیو کھنہ اور دیپانکر دتہ کی بنچ نے ای ڈی کی طرف سے پیش ہوئے ایڈیشنل سالیسٹر جنرل ایس وی راجو سے دہلی کے وزیر اعلیٰ کی جانب سے سینئر ایڈوکیٹ اے ایم سنگھوی کی طرف سے 21 مارچ کو کیجریوال کی گرفتاری کو چیلنج کرنے والے اہم دلائل پر یہ وضاحت دینے کو کہا مسٹر سنگھوی نے دلیل دیتے ہوئے زندگی اور آزادی کو انتہائی اہم بتایا اور گرفتاری کے وقت پر سوال اٹھایا۔

سپریم کورٹ نے یہ بھی کہا کہ منی لانڈرنگ کی روک تھام ایکٹ کی دفعہ 19 پراسیکیوشن پر بہت زیادہ ذمہ داری ڈالتی ہے۔ اس لیے ملزم ضمانت کا متبادل نہیں چن کر رہا ہے، کیونکہ پھر اسے عدالت کو یہ یقین دلانا ہوگا کہ وہ مجرم نہیں ہے۔ دونوں فریقوں کے دلائل سننے کے بعد عدالت عظمیٰ نے مسٹر راجو سے کہا کہ وہ 3 مئی تک اپنا جواب داخل کریں۔

عام آدمی پارٹی (آپ) لیڈر کیجریوال نے دہلی ایکسائز پالیسی سے متعلق مبینہ منی لانڈرنگ گھپلہ کے معاملے میں ای ڈی کے ذریعہ اپنی گرفتاری کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا ہے۔ وہ عدالتی حراست میں تہاڑ جیل میں بند ہیں۔

سپریم کورٹ کے سامنے اپنے تحریری جواب میں مسٹر کیجریوال نے لوک سبھا انتخابات سے عین قبل اور مثالی ضابطہ اخلاق کے نفاذ کے بعد اپنی گرفتاری کے طریقے اور وقت پر سوال اٹھایا ہے۔ انہوں نے دلیل دی کہ ان کی گرفتاری جمہوریت، آزادانہ اور منصفانہ انتخابات اور وفاقیت کے اصولوں پر ایک بے مثال حملہ ہے۔



















# پُرامن معاشرہ کی ضرورت اور تشکیل

مسلم محمود، مسقط (عمان)



آج دنیا میں ہر جگہ امن وامان کا قیام ایک سنگین مسئلہ ہے۔ ترقی پذیر ممالک ہوں یا ترقی یافتہ سب ہی اس سے دوچار ہیں، حتیٰ کہ پسماندہ ممالک بھی۔ قتل و غارت گری، چوری ولوٹ بازاری، دھوکہ وجعل سازی، رشوت وسود خوری، تشدد و دہشت گردی اور بے حیائی و بدکاری نے ہر شخص کا چین وسکون غارت کررکھا ہے۔ عدالتیں مقدموں سے اور جیلیں قیدیوں سے بھری پڑی ہیں۔ انصاف کے متلاشی لوگ عدالتوں کے چکر لگا رہے ہیں یا انصاف کے انتظار میں اس دنیا سے کوچ کررہے ہیں۔ جرائم پر کنٹرول کے بہت سے فارمولے آزمائے جاچکے ہیں اور آزمائے جارہے ہیں، لیکن کوئی مستقل حل آج تک میسر نہیں ہوا ہے اور جرائم دن بدن بڑھتے ہی جارہے ہیں۔ اس مسئلہ کے حل کے لیے اگر ہم تاریخ کا مطالعہ کریں تو رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دور جو مثالی دور تھا اسے ہم اپنے لیے نمونہ بنا سکتے ہیں۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم عرب میں تشریف لائے تو معاشرہ بدامنی کا شکار تھا۔ قتل وغارت گری، لوٹ مار، ظلم وزیادتی، سودخوری، زنا وبدکاری اور جوا جیسے جرائم عام تھے۔ نہ کسی کی عزت محفوظ تھی اور نہ مال واسباب۔ لیکن تاریخ گواہ ہے کہ 23 سال کے مختصر عرصہ میں یہی معاشرہ امن کا گہوارہ بن گیا اور ساری سماجی برائیوں کا جڑ سے خاتمہ ہوگیا۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ نے قرآن میں ایمان والوں کو مخاطب کرکے فرمایا ہے ’’تم خیر امت ہو اور تمہیں برائیوں کو مٹانے اور اچھائیوں کو پھیلانے کی ذمہ داری دی گئی ہے۔‘‘ لہٰذا ہر شخص کی ذمہ داری ہے کہ سماجی برائیوں کے دور میں خاموش تماشائی نہ بنا رہے، برائی کو مٹانے اور اچھائی کو فروغ دینے کی ذمہ داری ادا کرے۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ ’’تم میں ایک گروہ ضرور ایسا ہونا چاہیے جو اچھائی کو فروغ دے اور برائی کو روکے۔‘‘ اس پُرآشوب دور میں جہاں فتنہ پردازی، افراتفری، سماجی برائیاں اور دیگر وبائیں عام ہیں، ان کا شکار اچھے اور برے سب لوگ ہوتے ہیں۔ ایسے حالات میں بحیثیت مہذب انسان ہماری کیا ذمہ داری ہے؟ اس کو سمجھنے کی ضرورت ہے، تاکہ برائیوں کے خلاف ہم آواز اٹھا سکیں اور ان کے خاتمہ کی کوششوں میں اپنا رول ادا کرسکیں۔ اس ذمہ داری کو ادا کرنے کے لیے ہمیں سمجھنا ہوگا کہ اللہ کے رسولؐ نے سودخوری، شراب نوشی، جسم فروشی، قتل وغارت، لوٹ مار جیسے سنگین مسائل کو کیسے کنٹرول کیا اور ان برائیوں کو روکنے کے لیے اللہ تعالیٰ کے احکامات کو کیسے نافذ کیا۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ جس نے ہمیں پیدا کیا وہ ہمارے ماضی، حال اور مستقبل سے بخوبی واقف ہے اور وہ جانتا ہے کہ کونسا عمل ہمارے لیے برا ہے اور کونسا اچھا۔ اللہ اور اس کے رسولؐ نے جن کاموں سے منع کیا ان سے ہم دور رہیں، جیسا کہ اللہ سبحانہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں شراب اور جوئے کو گناہ قرار دیا ہے اور فرمایا ہے کہ اس میں فائدہ سے زیادہ نقصان ہے۔ یہ بات اللہ سے بہتر کوئی نہیں جان سکتا، کیوں کہ وہی اس عالم کے رازوں سے واقف ہے، اسی نے ہر شئے کو تخلیق کیا ہے، لہٰذا ہم اللہ کے احکامات پر عمل پیرا ہوں۔ برائیوں پر کنٹرول کا سب سے بڑا حل یہ ہے کہ انسانی سوچ بدلی جائے، اس لیے کہ دماغ برائیوں کی جڑ ہے۔ دماغ کو نفس کی غلامی سے روکا جائے ورنہ نفس تو برائی کی طرف راغب ہوتا ہے اور اسی نفس پر کنٹرول انسان کی آزمائش ہے۔ اس کے بعد کامیابی، اجر اور انعامات پر ایمان ہی انسان کو بھلائی کی رغبت دلاسکتا ہے اور برائی سے روک سکتا ہے۔ سوچ کی اصلاح اور پاکیزگی کے لیے اللہ کے رسولؐ نے لوگوں کو ایک اللہ پر ایمان، اس کی صفات اور طاقت کے اعتقاد کی دعوت دی، ان کے دلوں میں اللہ کی صفات پر یقین پیدا کیا کہ اللہ حاضر وناظر ہے، ہمارے ہر عمل کو دیکھ رہا ہے اور اس کے سامنے ہم جواب دہ ہیں۔ لوگوں کو مقصد زندگی سمجھایا اور قرآن کی آیات کی تعلیم دی اور اس زندگی کے بعد آنے والی زندگی کے استحضار کی تلقین کی جب ہر شخص کے اعمال کا حساب وکتاب ہوگا اور اس کے بعد اچھے اعمال پر جزا اور برے اعمال پر سزا دی جائے گی۔ اچھے لوگ جنت کے حقدار ہوں گے اور برے لوگ جہنم کا ایندھن بنیں گے۔ وہاں صحیح صحیح حساب ہوگا، فرار کا کوئی راستہ نہ ہوگا، مکمل انصاف کیا جائے گا۔ روز حساب پر یقین ایمان کا ایک ایسا عنصر ہے جو انسان کو اچھے اعمال کی ترغیب اور برے اعمال کا خوف اس کی ذات کے اندرون میں پیدا کرتا ہے۔ یہی سوچ کا انقلاب ہے اور جو افراد سے شروع ہوتا ہے اور سماج کی اصلاح تک پہنچ سکتا ہے۔ اللہ کے رسولؐ نے برائیوں سے بچنے کا حل بتایا اور قرآنی احکامات کو عام کیا جو ایک نیک اور پاک صاف معاشرے کی تشکیل کے لیے بنیادی درجہ رکھتے ہیں۔ مثلاً آپؐ نے نکاح کی تلقین کی اور نوجوانوں کو نکاح کی ترغیب دی اور ایسی مثالیں قائم کیں، جن میں مہر لڑکے کی حیثیت کے مطابق طے کیا اور جو اس کی استطاعت نہ رکھتے ہوں ان کو روزہ رکھ کر شہوت پر قابو کرنے کا حل پیش فرمایا۔ قرآن کریم میں اللہ سبحانہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ مومن مرد اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں، بے لگام ہوکر شہوت رانیاں نہ کرتے پھریں اور عورتوں کو حکم دیا کہ اپنی زینتوں کو چھپائیں اور اپنے سینوں پر اوڑھنیاں ڈالیں رکھیں۔ ان دونوں اقدامات پر عمل آوری انسانی معاشرہ کو بے حیائی اور بدکاری سے بچاتی اور اسے پاکیزگی وعظمت عطا کرتی ہے۔ بھُک مری اور غربت کے حل کے طور پر اللہ کے رسولؐ نے اللہ کے حکم سے زکوٰۃ وصدقات کو متعارف کرایا اور بیت المال کا سسٹم قائم کیا، جس میں غریبوں، مسکینوں، یتیموں کا مالی تعاون اور دوسری سہولیات کا انتظام کیا گیا۔ اس طرح لوٹ مار، رہزنی اور چھین جھپٹ پر روک لگی۔ سود کو اللہ نے حرام قرار دیا اور اللہ کے رسولؐ نے اس حکم کا نفاذ کیا، سماج کو اس لعنت سے نجات دلائی جو امیر کو امیر اور غریب کو غریب بناتی ہے۔ دوسری سماجی برائیاں جیسے رشوت خوری، منافع خوری اور لوٹ مار کو حرام قرار دیا اور اس کے لیے سزائیں نافذ کیں۔ بہترین منصفانہ نظام قائم کیا تاکہ کوئی اس سے بچ کر نکل نہ سکے۔ حقوق العباد کی اہمیت کو اجاگر کیا اور اعلان کیا کہ اللہ بندے کی حق تلفی کو معاف نہیں کرے گا، جب تک بندہ خود معاف نہ کرے یا اس کا معاوضہ نہ دے دے۔ انسان پر اہل خانہ، معاشرہ، والدین اور عام انسانوں کے حقوق کی وضاحت فرمائی اور اللہ کے سامنے اس کی جواب دہی کا خوف پیدا کیا اور اس کی سنگینی کو اجاگر کیا کہ حقوق العباد میں کوتاہی انسان کے سارے اچھے اعمال کو آخرت میں ضائع کرسکتی ہے۔ ان تمام احکامات وہدایات کے بعد ایسے تمام جرائم پیشہ لوگوں کے لیے جو معاشرے میں بدامنی کا سبب بنے رہنا چاہتے ہیں، ان کے لیے سخت قوانین کا نفاذ اللہ کی مقرر کردہ حدود کے مطابق کیا گیا۔ تمام تر سہولتوں کے میسر کرانے اور مکمل مالی تعاون کے بعد بھی اگر کوئی چوری کا مرتکب ہو تو اس کے ہاتھ کاٹنے کی سزا اور زانی غیر شادی شدہ مرد وعورت دونوں کو 100 کوڑے اور شادی شدہ کے لیے سنگساری کی سزا مقرر کی گئی۔ تمام سزائیں برسرعام دیے جانے کی شرط بھی لگائی گئی تاکہ سزا ایک کو ہو اور نصیحت تمام لوگوں کو ہو جو اس کا مشاہدہ کریں یا اس کے بارے میں کسی طرح بھی جانیں۔ ان سزاؤں کے نفاذ میں کسی قسم کی نرمی نہ برتی گئی تاکہ مجرم کو بچ نکلنے کا کوئی راستہ نہ ملے۔ برائیوں کو روکنے کے لیے اچھے عمل اور عبادت کی ترغیب دی گئی، ان میں سب سے اہم عبادت نماز کو قائم کیا گیا تاکہ نیکی سے برائی کی جڑ کٹے۔ بے شک نماز بے حیائی اور برے کاموں سے روکتی ہے اور بندے کو اللہ سے جوڑ کر رکھتی ہے۔ برائیوں کو روکنے کے لیے اجتماعی کوشش لازمی ہے۔ ارشاد رسولؐ ہے کہ جب کوئی برائی نظر آئے تو اس کو ہاتھ سے روکے اور اس کی قدرت نہ رکھتا ہو تو زبان سے روکے اور اگر وہ بھی ممکن نہ ہو تو دل سے برا سمجھے اور اس آخری کیفیت کو ایمان کی سب سے کمزور کیفیت قرار دیا۔ معاشرے کی برائی روکنا کسی فرد واحد کی ذمہ داری نہیں، یہ کوشش اجتماعی طور پر ہونی چاہیے۔ برائی اور اچھائی برابر نہیں ہوسکتیں۔ کسی کے لیے جائز نہیں کہ برائی سے خوفزدہ ہوکر زندگی گزارے۔ معاشرے کے ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ برائی کو روکنے کی کوشش کرے اور اس کے خلاف آواز اٹھائے تاکہ برائی معمولی بات بن کر نہ رہ جائے اور لوگ اس کے عادی نہ ہوجائیں اور برائی برائی نہ رہ جائے، اچھے برے کا فرق ختم نہ ہوجائے، ورنہ معاشرہ پرامن اور پرسکون نہیں رہ سکتا۔ ضمیر کی آواز، اللہ کے سامنے جواب دہی کا احساس اور سرعام سزاؤں کے نفاذ سے ہی معاشرے سے برائی کو دور کیا جاسکتا ہے۔ نیز انصاف کے تقاضوں کو بروقت پورا کرکے ہی پُرامن معاشرہ تشکیل دیا جاسکتا ہے۔

# ’’یکم مئی‘‘ بے حس مشینوں میں مزدوروں کا خون ہی نہیں ان کے خواب بھی جلا کرتے ہیں۔

اقیصر محمود عراقی کریگ اسٹریٹ، کولکاتا۔۵۸



حلال رزق کمانے والوں میں بڑی اکثریت مزدور پیشہ افراد کی ہے، ان مزدوروں کے دم سے ہی ملک کی معیشت کا پہیہ چلتا ہے اور یہی مزدور پیشہ افراد سب سے زیادہ عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ ان کے تحفظ کیلئے ملکی قوانین تو بہت ہیں لیکن ان پر عمل درآمد نہیں ہوتا۔ حکومتی ادارے ہو یا نجی ادارے سب جگہ مزدور کا استحصال کیا جاتا ہے لیکن جب ’’یکم مئی‘‘ آتا ہے تو یہ ادارے مزدوروں کے حق میں اشتہارات شائع کرتے ہیں اور انہیں مراعات دینے کی بڑی بڑی باتیں کی جاتی ہیں۔ لیکن حقائق اس کے برعکس ہیں۔ ہر سال ’’یکم مئی‘‘ آتا ہے، مزدوروں کی عظمت کو سلام پیش کیا جاتا ہے اور ساتھ ہی سرکاری سطح پر مزدوروں کی معاشی حالت بہتر کرنے کے وعدے کئے جاتے ہیں لیکن وعدے صرف وعدے ہی رہتے ہیں، مزدوروں کو اس کے حقوق نہیں ملتے، مزدوروں کو آئینی اور قانونی حق حاصل ہونے کے بعد بھی ان کو اپنا حق نہیں ملتا بلکہ ان کو اپنے حق کیلئے لڑنا پڑتا ہے۔ ملک نے کاغذوں میں ترقی کرلی، لیکن مزدوروں کی قسمت میں آج بھی در بدر کی ٹھوکریں ہی ہیں۔ ہم اکثر اخبارات میں پڑھتے ہیں کہ فلاں شہر میں مزدور نے اپنا فاقہ زدہ بچوں کو دیکھ کر خودکشی کرلی، جو لوگ تمام مجبوریوں کے ساتھ زندگی گذار رہے ہیں ان زندگی بھی کوئی زندگی ہے، سوائے بھوک اور تکلیف کے۔ اتنا ہی نہیں بلکہ اکثر مزدوروں کو کام کے دوران تشدد اور تذلیل کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے اور وہ خاموشی سے اپنی تذلیل صرف اس لئے برداشت کرتے ہیں کہ گھر چلانا ہوتا ہے اور اسی مجبوریوں کا فائدہ اٹھا کر آجر ناجائز حربے استعمال کرتے ہیں جبکہ ملک کی خوشحالی اور ترقی میں سب سے اہم کردار مزدور ہی ادا کرتا ہے، جو سردی، گرمی یعنی ہر موسم میں ملک کی ترقی کیلئے اپنا خون پسینہ بہاتا ہے لیکن اس کی قسمت بدلنے کیلئے حکمرانوں کے پاس کوئی منصوبہ نہیں ہے، بس ایک دن ’’مزدوروں کا دن‘‘ منا کر حق ادا نہیں ہوسکتا ہر سال ’’یکم مئی‘‘ آتا ہے اور چلا جاتا ہے، اس دن لوگ چھٹی کے مزے لیتے ہیں لیکن مزدور اس دن بھی حصول رزق کیلئے مارا مارا پھرتا ہے، ہر محنت کش آپ کا ہے کہ اس کے حالات کب بدلینگے؟ اس کا ایک آسان سا جواب تو یہ ہے کہ جب تک عوام استحصال کرنے والے کرپٹ ٹولے منتخب کرتے رہینگے اس وقت تک نہ تو ملک کی قسمت جاگے گی مزدور اور غریب کی غریب عوام کی قسمت بدلے گی۔ قارئین محترم! دنیا میں بس دو ہی طبقے ہیں ایک ظالم اور دوسرا مظلوم، ایک سرمایہ دار اور دوسرا مزدور، پہلا زہر پلانے پر بضد اور دوسرا زہر پینے پر مجبور، یہی دو طبقے ہیں جو اس سماج کی تشکیل کرتے ہیں۔ خواب دیکھنا وہ بھی اچھی زندگی کا خواب، ایسی زندگی جس میں خوشیاں ہوں، امن ہو، روشن مستقبل ہو، کوئی آزار نہ ہو بس بہار ہی بہار ہو، ایسا خواب دنیا کا ہر انسان دیکھتا ہے، اسے دیکھنا بھی چاہئے، یہ اس کا حق ہے کہ وہ یہ خواب دیکھے، ایسے خوابوں کی تعبیر دینے کیلئے ہی دنیا کا ہر مرد وزن محنت کرتا ہے، اپنا پسینہ بہاتا ہے اور ضرورت ہو تو اپنا خون بھی، وہ اپنے خواب کی تعبیر کیلئے ہر ممکن جدوجہد کرتا ہے ایک مزدور کا خواب اور اسے مجسم تعبیر کرنے کی پیہم جدوجہد، دنیا کر ہر مزدور ایسا ہی خواب دیکھتا ہے اور اتنی ہی محنت کرتا ہے۔ دوسرا طبقہ ان مزدوروں کے خوابوں کو کچلنے کیلئے کوشاں رہتا ہے، وہ مزدوروں کو ان کی محنت کا اجرت دیتا تو ہے لیکن اتنا نہیں جتنی وہ محنت کرتے ہیں، وہ اپنے سرمائے کی بڑھوتری کیلئے لگائی گئی بے حس مشینوں میں مزدوروں کا خون ہی نہیں ان کے خواب بھی جلاتا ہے اور اپنے سرمائے میں اضافہ کرتا چلا جاتا ہے۔ سرمایہ دار اور مزدور کی جنگ ازل سے برپا ہے اور دونوں ہی اپنی اس جنگ کو جیتنے کی جدوجہد کررہے ہیں۔ لیکن ہاں ایک اور طرح کے لوگ بھی اس دنیا میں بستے ہیں اور وہ انسان دوست، بے ریا، کشادہ دل اور کشادہ فکر ہوتے ہیں، وہ اپنی زندگی سے زیادہ دوسرے مظلوموں کی زندگی کو بدلنے کا خواب دیکھتے ہیں، ایسے لوگ ہیں، کم ہیں لیکن ہیں ضرور اور ہر وقت رہینگے۔ ایسا ہی ایک دن تھا جب کچھ انسان دوستوں نے جو خود مزدور تھے ایک خواب دیکھا تھا اور اس کی تعبیر میں جٹ گئے تھے، ایسا ہی ایک یادگار دن تھا ’’یکم مئی‘‘، ایسا دن جس نے آنے والی نسلوں اور تاریخ پر گہرے نقوش ثبت کئے اور ایسا کہ جن کو مٹایا نہیں جاسکتا، بھلایا نہیں جاسکتا۔ یوم مئی نہ تو کوئی مقدس دن ہے، نہ ہی خوشی اور غم کا، یوم مئی ہنسنے اور رونے کا دن بھی نہیں، یہ دن جشن منانے یا ماتم کرنے کا بھی نہیں ہے، یہ دن سوچنے، آگے بڑھنے، اپنے مقصد اور منزل کے حصول کی جدوجہد اور انقلاب کا عظم کرنے کا دن ہے، یوم مئی کسی مذہب، قوم، ذات، ملک، خطے یا پھر کسی گروہ کا دن نہیں ہے، یہ دن ایک طبقے کا ہے، وہ طبقہ جو دنیا کے ہر خطے اپنی محنت سے زندگی کو روشن اور وامر کرتا ہے، کرتا رہیگا، ایسا طبقہ جن کی محنت سے کارخانۂ حیات کے کل پرزے رواں ہیں۔ قارئین محترم! مزدور کو یہ تک پتہ نہیں ہوتا کہ آج اس کا عالمی دن ہے، وہ تو ایک مئی کو بھی اپنے لئے مزدوری کی تلاش میں تگ ودو کررہا ہوتا ہے اور جو نام نہاد سیاسی اور سماجی تنظیمیں ہوتی ہیں وہ ایک مئی کو مزدوروں کا نعرہ لگا کر اپنی دکانداری چمکا رہی ہوتی ہے۔ اصل میں یکم مئی مزدوروں کا عالمی دن ہے لیکن مزدور اس دن کی اہمیت نہیں جانتے، اگر اس دن کی اہمیت جانتے ہوتے تو اپنے حقوق کیلئے آواز بلند کرتے لیکن جو اصل میں مزدور ہیں اس کا پیٹ اسے اس طرح کے کام کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔ یہی وجہ ہے نام نہاد مزدور رہنما مزدوروں کے نام پر خوب مال بناتے ہیں مگر مزدوروں کی حالتِ زار پر غور نہیں کرتے، جب کہ محنت کشوں کی حالتِ زار ان کے مسائل حل کرتے ہی دور ہوسکتی ہے، محنت کش کسی بھی ملک کی فلاح وبہبود کیلئے خاص ہوتے ہیں، اگر محنت کش نہ ہو تو کوئی بھی ملک کبھی بھی ترقی نہیں کرسکتا۔ مگر المیہ یہ ہے کہ آج یکم مئی ہے، مگر تمام تر کوششوں کے باوجود مزدوروں پر جبری مشقت کا سلسلہ ہنوز جاری ہے، حکومت کو چاہئے کہ اس طرح توجہ دے اور ان محنت کشوں کی اجرت کو بھی مہنگائی کے ساتھ بڑھانے کے اقدامات کرے، مزدوروں کے عالم دن پر مزدوروں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں دیکر ان کی دعائیں لیں تاکہ مزدور طبقہ بھی سکون سے زندگی بسر کرسکے۔

موبائل:6291697668

## شاہجہانئے دارالعلوم انوار مصطفیٰ کی سالانہ افتتاحی مجلسِ مشاورت بحسن وخوبی اختتام پزیر

رپورٹ: محمد شمیم احمد نوری مصباحی!
خادم: دارالعلوم انوار مصطفیٰ سہلاؤ شریف، باڑمیر (راجستھان)

حسبِ سابق امسال راجستھان کے علاقۂ تھار اور مغربی راجستھان کی عظیم ومنفرد دینی وعصری دعوتی وتربیتی اور مرکزی دینی درسگاہ ’’دارالعلوم انوار مصطفیٰ‘‘ سہلاؤ شریف، باڑمیر کے زیرنگرانی چلنے والے سبھی مدارس ومکاتب کی سالانہ افتتاحی مجلسِ مشاورت 19 شوال المکرم 1445ھ/ 29 اپریل 2024 عیسوی بروز: دوشنبہ دارالعلوم کے وسیع وعریض گراؤنڈ میں منعقد ہوئی۔

اس مجلس مشاورت میں تقریباً دارالعلوم کی سبھی تعلیمی شاخوں کے مدرسینِ کرام اور ان کے ذمہ داران [صدر وسکریٹری] نیز اکثر فارغینِ انوار مصطفیٰ وقرب وجوار کے کچھ دیگر معزز علمائے کرام وساداتِ ذوی الاحترام نے شرکت کرکے اپنے مفید مشوروں اور تجاویز سے نوازا۔

الحمدللہ اس مجلسِ مشاورت میں دارالعلوم وشاخہائے دارالعلوم کی تعمیر وترقی اور دین وسنّیت کی بہتر سے بہتر خدمات کی انجام دہی کے حوالے سے بہت سارے امور پر تبادلۂ خیالات کیے گیے۔

میٹنگ کی شروعات تلاوت کلام ربانی سے ہوئی، بعدہ دارالعلوم کے ایک ہونہار وخوش گلو طالب علم نے نعت خوانی کی، پھر صدرِ میٹنگ نور العلماء حضرت علامہ الحاج سیّد نوراللہ شاہ بخاری مدّظلہ العالی نے میٹنگ کے اغراض ومقاصد پر مختصر روشنی ڈالی، بعدہ صدر میٹنگ نے میٹنگ میں شریک شاخہائے ادارہ کے مدرسین اور ان کے ذمہ داران کو اپنی باتیں رکھنے اور مفید تجاویز پیش کرنے کی دعوت دی۔

بعدہ حضرت مولانا قاری محمد جاوید صاحب سکندری انواری اور دارالعلوم کے نائب صدر حضرت مولانا جمال الدین صاحب قادری انواری نے یکے بعد دیگرے بہترین انداز میں نعت ومنقبت کے کچھ اشعار پیش کیے، آخر میں نور العلماء شیخ طریقت حضرت علامہ الحاج سید نوراللہ شاہ بخاری مدّظلہ العالی نے اپنے ناصحانہ خطاب سے نوازا۔

آپ نے اپنے خطاب کے دوران سبھی شرکائے میٹنگ کا شکریہ ادا کرنے کے ساتھ دارالعلوم کے سبھی فارغین کی خوب خوب حوصلہ افزائی کی اور ساتھ ہی ساتھ سبھی علمائے کرام کو اپنی جگہوں پر خلوص وللّٰہیت کے ساتھ دین وسنّیت کی خدمات انجام دینے کی تلقین کی، اور تعلیم وتدریس کے فرائض کو بہتر سے بہتر انجام دینے کے بابت کچھ مفید آرا وہدایات بھی دی۔ اور ساتھ ہی ساتھ شاخہائے ادارہ کے ذمہ داران کو اپنے متعلقہ مدارس ومکاتب اور مساجد کے مدرسین وائمہ کی عزت وتوقیر اور ان کا ہر طرح سے خیال رکھنے پر زور دیا۔

واضح ہو کہ اس مجلس مشاورت میں شاخہائے دارالعلوم انوار مصطفیٰ کی گذشتہ کارگزاریاں بھی پیش کی گئیں اور جن تعلیمی شاخوں کے مدرسین کی کارکردگی بہتر وعمدہ رہی ان کی تعریف وتحسین کے ساتھ دیگر مدرسین کرام کو شاخہائے ادارہ کو بہتر سے بہترین بنانے کے لیے نصیحت کرنے کے ساتھ کچھ عمدہ ومفید ہدایات جاری کی گئیں اور ساتھ ہی ساتھ اس مجلس میں شاخوں کے مدرسین کی جائز شکایات ومطالبات کو سننے کے بعد ان کا ازالہ بھی کیا گیا اور جن تعلیمی شاخوں کے مدرسین نے اپنی سابقہ جگہوں سے مستعفی ہوکر نئی جگہوں کے خواہاں ہوئے تو ان کا مناسب جگہوں پر تبادلہ بھی کیا گیا، اور از سرنو کچھ مدرسین وائمہ کی تقرری بھی اسی مجلس مشاورت میں عمل میں آئی، اور جن نئی آبادیوں، قصبوں یا گاؤں کے ذمہ داران نے نئی تعلیمی شاخ کی ارکان ادارہ کو درخواست پیش کی تو باہمی مشاورت اور درخواست دہندہ آبادی کا جائزہ لینے کے بعد نئی تعلیمی شاخ بھی قائم کرنے اور اس کی مکمل دیکھ ریکھ کی ذمہ داری ارکان ادارہ نے اپنے سر لی۔ فی الحال دارالعلوم انوار مصطفیٰ سہلاؤ شریف کے ماتحت 85 مدارس ومکاتب چل رہے ہیں۔ دارالعلوم انوار مصطفیٰ کے ماتحت اس قدر کثیر تعداد میں مدارس ومکاتب کا بحسن وخوبی نونہالان اسلام کی تعلیم وتربیت کرنا یقیناً یہ بہت بڑی خدمت ہے۔ اتنے بڑے پیمانہ پر تعلیم وتعلم کے فروغ اور دین وسنیت کی خدمات جہاں امت مسلمہ کے اہل خیر حضرات کے تعاون کا نتیجہ ہے وہیں ادارہ کے موجودہ مہتمم وشیخ الحدیث نور العلماء شیخ طریقت حضرت علامہ الحاج سید نوراللہ شاہ بخاری مدظلہ العالی کی حکمت عملی، جدوجہد اور کوشش وکاوش کا ثمرہ ہے۔ اللہ تعالیٰ قبلہ سید صاحب کے علم وعمل اور عمر واقبال میں خوب خوب برکتیں عطا فرمائے اور آپ کی دینی وملّی خدمات کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ آمین!

صلوٰۃ وسلام اور قبلہ سید صاحب کی دعا پر یہ مجلس اختتام پزیر ہوئی!

# مثبت سوچ

مفتی محمد ثناء الہدیٰ قاسمی نائب ناظم امارت شرعیہ بہار، اڈیشہ وجھارکھنڈ

انسانی زندگی میں اتار چڑھاؤ آتا رہتا ہے، مختلف قسم کے واقعات وحوادثات ذہن ودماغ پر اثر انداز ہوتے ہیں، ایسے موقع سے ذہن میں دو قسم کے خیالات پیدا ہوتے ہیں، ایک اس واقعہ کا منفی پہلو ہوتا ہے اور ذہن عموماً ادھر ہی منتقل ہوتا ہے، اس منفی سوچ اور منفی اثرات سے انسان کے اندر مایوسی پیدا ہوتی ہے، کام کرنے کا جذبہ سرد پڑ جاتا ہے اور اس کا بہت سارا وقت یہ سوچتے ہوئے گذر جاتا ہے کہ ایسا کیوں ہوا؟ یہ معاملہ تو میرے خلاف چلا گیا، اس کی وجہ سے میری پریشانیاں بڑھیں، سوچنے کا دوسرا طریقہ اس واقعہ کا مثبت پہلو ہے، اس پہلو تک ذہن کی رسائی آدمی کو مفلوج نہیں کرتی بلکہ اس کے قوت عمل کو مہمیز کرتی ہے، اور بسا اوقات وہ ایسا کر گذرتا ہے، جس کی توقع عام حالات میں اس سے نہیں لگائی جاتی۔ ابھی حال میں مطالعہ میں ایک صاحب کا واقعہ آیا، وہ سال کے آخری دن پورے سال کی حصولیابیوں کا جائزہ لے رہے تھے، جائزہ کے بعد وہ اس نتیجہ پر پہونچے کہ یہ سال میرے لیے انتہائی بُرا تھا، کیوں کہ انہیں ایک آپریشن کے نتیجے میں کئی ماہ بستر سے لگا رہنا پڑا تھا، ساٹھ سال کی عمر ہوجانے کی وجہ سے وہ اپنی پسندیدہ ملازمت سے سبکدوش ہوچکے، اسی سال ان کے والد اسی (۸۰) سال کی عمر میں راہئی آخرت ہوگیے ایک حادثہ میں بیٹا ایسا معذور ہوا کہ کئی ماہ اسے پلاسٹر کراکر بستر پر پڑے رہنا پڑا، اس بیماری کی وجہ سے وہ امتحان کی بہتر تیاری نہیں کرسکا، اور فیل ہوگیا، ظاہر ہے اس سے بُرا سال اور کیا ہوسکتا ہے، اس منفی سوچ کے نتیجے میں وہ ذہنی اور دماغی طور پر پریشان رہنے لگے، لیکن جب ان کی رفیقہ حیات نے انہیں واقعات کا جائزہ لیا تو اس کا احساس تھا کہ یہ سال ہر اعتبار سے اچھا رہا، اس لیے کہ برسوں سے پتّے کے درد سے پریشان میرے خاوند کو درد سے نجات مل گئی، انہوں نے صحت وسلامتی کے ساتھ اپنی مدت ملازمت پوری کرلی اب وہ دفتری مصروفیات سے آزاد ہونے کی وجہ سے گھریلو معاملات پر زیادہ توجہ دے رہے ہیں، مکمل یکسوئی کے ساتھ لکھنے پڑھنے میں ان کا وقت لگ رہا ہے، اس کا احساس تھا کہ میرے سسر لمبی عمر پاکر بغیر کسی پر بوجھ بنے اور غیر معمولی تکلیف اٹھائے دنیا سے رخصت ہوئے، میرا بیٹا ایک حادثہ میں بال بال بچ گیا، گاڑی جس طرح تباہ ہوئی اس طرح بیٹا بھی موت کے آغوش میں سوسکتا تھا، اللہ نے بڑا کرم کیا، میرا بیٹا زیادہ معذور نہیں ہوا، بچ گیا، گاڑی تو دوسری بھی آجائے گی، اگر میر ابیٹا مرجاتا تو؟ اس نے اللہ کا شکر ادا کیا کہ اس سال کو اللہ نے میرے لیے رحمت بنا کر بھیجا تھا، آپ نے دیکھا واقعات وہی ہیں؛ لیکن نتائج الگ الگ اخذ کیے جارہے ہیں، ایک منفی انداز میں تجزیہ کررہا ہے تو اسے پورے سال میں خرابی ہی خرابی نظر آتی ہے، اور دوسرے کی سوچ مثبت ہے تو اس کو خیر ہی خیر پورے سال میں نظر آتا ہے، ظاہر ہے اس سوچ کا اثر اعمال پر بھی پڑتا ہے، منفی سوچ والا شکایتوں کے دفتر لے کر بیٹھ جائے گا اور مثبت سوچ والا کلمۂ شکر سے اپنی زبان کو تازگی بخشے گا، اس لیے واقعات وحالات کا ایجابی اور مثبت اثر لینا چاہیے، زندگی بہتر انداز میں گذارنے کا یہی طریقہ ہے، آپ کے سامنے ایک گلاس ہے، جس میں تھوڑا پانی ہے، آپ اسے آدھا بھرا بھی کہہ سکتے ہیں، اور آدھا خالی بھی، واقعاتی اعتبار سے دونوں صحیح ہے، لیکن اگر آپ اس گلاس کو جس میں پانی ہے، آدھا بھرا کہتے ہیں تو آپ کی سوچ مثبت ہے، اگر آپ اسے آدھا خالی کہتے ہیں تو یہ آپ کی منفی سوچ کی غماز ہے، اُگتے اور ڈوبتے سورج کا منظر یکساں ہوتا ہے، آپ کے سامنے تصویر رکھی گئی، آپ نے کہا کہ یہ اُگتے سورج کی تصویر ہے، تو یہ آپ کی مثبت سوچ کی نشانی ہے، کیوں کہ آپ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ رات کی تاریکی دور ہوگئی اور آنے والا دن روشن اور تابناک ہے، لیکن اگر آپ نے اس تصویر میں سورج کو ڈوبتا ہوا سمجھا تو یہ آپ کی منفی سوچ کا مظہر ہے، آپ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ سورج ڈوب رہا ہے، روشن دن کا خاتمہ ہوا، آگے تاریک رات ہے، اس سوچ کا اثر آپ کے قوت فکر وعمل پر پڑے گا، تقریر وتحریر پر بھی پڑے گا، اس کی وجہ سے آپ کے کہنے کا اسلوب اور الفاظ بھی بدلے گا، گلزار دبستاں میں ایک کہانی لکھی ہے کہ بادشاہ نے خواب دیکھا کہ اس کے سارے دانت گر گیے ہیں، نجومی نے تعبیر بتائی کہ آپ کے سارے اعزواقرباء آپ کی زندگی میں مرجائیں گے، بادشاہ نے کہا کہ اچھا میرا بیٹا، میری بیوی، میرا بھائی سب مرجائے گا اور میں ان کا جنازہ اٹھانے کے لیے زندہ رہوں گا، بادشاہ نے اس نجومی کو قید کردیا، دوسرے کو بلایا، اس نے مبارک سلامت کہہ کر پہلے تو بادشاہ کے ذہن پر پہلی تعبیر کے اثرات کو دور کیا، پھر کہا کہ حضور اس کی تعبیر یہ ہے کہ پورے خاندان میں اللہ آپ کی عمر سب سے دراز کرے گا، بادشاہ نے خوش ہوکر اسے موتیوں سے تولوا دیا، بات وہی ہے، نتیجہ بھی وہی ہے، لیکن ایک موت کی بات کرتا ہے، جسے کم ہی لوگ پسند کرتے ہیں اور ایک زندگی کی اور درازی عمر کی بات کرتا ہے، جس کی خواہش ہر کس وناکس کو ہوتی ہے، تعبیر کا یہ فرق بھی مثبت منفی سوچ کو ظاہر کرتا ہے۔ دفتری معاملات میں کچھ کام آپ سے لے کر دوسروں کو دیدیئے گئے، منفی سوچ والا یہ کہے گا کہ میرے پَر کترے جارہے ہیں اور دفتر میں مجھے بے وزن کیا جارہا ہے، مثبت سوچ والا اس واقعہ سے اس نتیجہ پر پہونچے گا کہ ہمارا دفتری بوجھ ہلکا ہوگیا، اب ہم ان کاموں پر جو میرے ذمے رہ گیے ہیں، زیادہ توجہ اور محنت سے وقت لگا سکتے ہیں، جو ذمہ داریاں دوسروں کے حوالہ کردی گئی ہیں، اس شخص کی اگر سوچ مثبت ہوگی تو وہ اسے آزمائش اور امتحان سمجھ کر اٹھائے گا، اور اس اضافی ذمہ داری کی وجہ سے اس کے اندر آمریت اور حاکمیت کا مزاج نہیں پیدا ہوگا، لیکن اگر سوچ منفی ہے تو اس کے اندر کبر ونخوت، حاکمت اور آمریت کا مزاج پیدا ہوگا جو دیر سویر خود اس کے لیے مہلک ثابت ہوگا، ملکوں کی تاریخ اور سماجی مشاہدات تو یہی بتاتے ہیں۔

# मेडिवेल हॉस्पिटल

# MEDIWELL HOSPITAL

## सुविधाएँ

| | |
|---|---|
| विशेषज्ञ डॉक्टर्स | आकशिमक सेवा |
| सभी तरह की सर्जरी | हड्डी एवं नस रोग |
| अल्ट्रासोनोग्राफी | डीजीटल एक्स-रे |
| पैथोलोजी | वैक्सीनेशन |
| इ.सी.जी | आई.सी.यू |
| इकोकार्डीयोग्राफी | मोर्डन ओटी |

स्त्री एवं प्रसुती रोग की सारी सुविधाएँ

**Contact : 06513564410**

कडरू, राँची-2

